سفر کی حالت میں سنتوں کا حکم
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللہِ
الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میں اور میرے ساتھی وین ڈرائیور ہیں ہم ڈیلی ستاون مائلز سے زیادہ سفر کرتے ہیں کیا ایسے سفر کی حالت میں ہم پر سنتیں پڑھنا لازمی ہیں ؟
سائل: اسجد ۔ وین ڈرائیور سلطان باہوٹرسٹ ( برطانیہ)
بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ
اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب
نہیں! آپ لوگوں پر سنتیں لازمی نہیں کہ آپ سفر فراراور حالتِ سیر یعنی مسلسل چلنے کی حالت میں ہوتے ہیں ۔ آپ لوگوں پر سنتیں اور نوافل معاف ہیں ۔ کیونکہ حالتِ سفر میں شرعی مسافر کےسنتیں پڑھنے کی دوصورتیں ہیں ۔ اگر وہ امن و سکون کی حالت میں ہو تو سنتیں پڑھے گا۔ اور اگر خوف یا سفرفرار (یعنی مسلسل ایک جگہ سے دوسری جگہ کا سفر) کی حالت میں ہو تو سنتیں معاف ہیں۔ لیکن سنت فجر نہ چھوڑے کہ اس کی تاکید زیادہ ہے۔
جیساکہ فتاوی عالمگیری میں ہے :"**وَبَعْضُهُمْ جَوَّزُوا لِلْمُسَافِرِ تَرْكَ السُّنَنِ وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ لَا يَأْتِي بِهَا فِي حَالِ الْخَوْفِ وَيَأْتِي بِهَا فِي حَالِ الْقَرَارِ وَالْأَمْنِ**"
یعنی بعض فقہاےکرام نے مسافر کیلیے سنتوں کو چھوڑنا جائز قرار دیا ہے اور مختار یہ ہے کہ خوف کی حالت میں سنتیں بجا نہ لائے , اور قرار (سکون) اور امن کی حالت میں سنتوں کو ادا کرے۔
(فتاوی عالمگیری جلد اول صفحہ 139 مکتبہ دارالفکر بیروت)
فقہ حنفی کی معتبر ایک اور کتاب حلبی کبیر میں ہے :"ویرخص للمسافرترک السنن وقیل لا والاعدل ماقالہ الھندوانی ان فعلھا افضل حالۃ النزول والترک افضل حالۃ السیر الا سنۃ الفجر"
یعنی مسافر کیلیے سنتوں کو چھوڑنے کی رخصت ہے اور بعض علماء نے کہا کہ سنتیں چھوڑنے کی رخصت نہیں اور سب سے زیادہ انصاف والی بات وہ ہے جو امام ہندوانی علیہ الرحمۃ نے فرمائی کہ اس (مسافر) کا نزول یعنی قرار کی حالت میں سنتوں کو ادا کرنا افضل ہے اور سیر (چلنے) کی حالت میں سنتوں کو چھوڑنا افضل ہے سوائے فجر کی سنتوں کے۔
(حلبی الکبیر صفحہ 244)

اور بہار شریعت میں ہے :سنتوں میں قصر نہیں بلکہ پوری پڑھی جائیں گی, البتہ خوف اور رواروی(چلنے ) کی حالت میں ہو معاف ہیں, اور امن کی حالت میں پڑھی جائیں گی۔

(بہارشریعت جلد اول حصہ چہارم, صفحہ 744)

وَاللہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**خادمِ دارالافتاء یوکے**

Date:29 -12-2019

**SUNNAH PRAYERS WHILST TRAVELLING**

**QUESTION: What do the scholars and muftis of the mighty Shari'ah say regarding the following matter: me and my friends are van drivers; we travel more than 57 miles daily [away from our city], is it necessary for us to pray the sunnah prayers during these travels?**

Questioner: Asjad – van driver for Sultan Bahu Trust (Britain)

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَهاب اللهم هدایۃَ الحَق والصواب

No! The sunnah prayers are not binding upon you because you are in a state of hurried and continuous travel. You are excused from praying the sunnah and supererogatory (nawāfil) prayers. In terms of praying the sunnah prayers, there are two situations for the shar'ī traveller during travel: if he is in a state of security and peace then he will pray the sunan, but if he is in a state of fear or is undertaking a non-stop journey from one place to another, then he is excused from praying the sunnah prayers. However, the sunnan of Fajr should not be abandoned as there is greater import given to them [as compared to the other sunnahs]. Thus, it is stated in Fatāwā 'Ālamgīrī:

وَبَعْضُهُمْ جَوَّزُوا لِلْمُسَافِرِ تَرْكَ السُّنَنِ وَالْمُخْتَارُ أَنَّهُ لَا يَأْتِي بِهَا فِي حَالِ الْخَوْفِ وَيَأْتِي بِهَا فِي حَالِ الْقَرَارِ وَالْأَمْنِ

Some of the noble jurists have declared the leaving of the sunnah prayers permissible for the traveller and the preferred opinion is that he will leave the sunnah prayers when in a state of fear, and he will perform them when in a state of peace and security.

[فتاوی عالمگیری جلد اول صفحہ 139 مکتبہ دارالفکر بیروت]

It is mentioned in another reliable book of Hanafī law, Halabi Kabeer:

ویرخص للمسافرترک السنن وقیل لا والاعدل ماقالہ الھندوانی ان فعلھا افضل حالۃ النزول والترک افضل حالۃ السیر الا سنۃ الفجر

The traveller is given the dispensation of leaving the sunnah prayers; whilst some jurists have stated that he is not excused from praying them, however, the fairest statement in this regard is that of Imām Hindāwī (upon him be mercy): it is better for the traveller to perform the sunnah prayers when in a state of rest, and it is

preferable for him to leave the sunnah prayers whilst in a state of travel, save for the sunnahs of Fajr.

[حلبی الکبیر صفحہ 244]

Additionally, it is stated in Bahar-e-Shariat:

There is no truncation (qasr) in the sunnah prayers, rather they will be prayed in full. However, they are excused in a state of fear or travel, but will be performed in a state of security.

[Bahar-e-Shariat, Volume 1, Part 4, Page 744]

[Please note: if you travel less than 57.5 miles the sunnah prayers would still be binding upon you. Leaving of the sunnah prayers is permissible for the one travelling 57.5+ miles away from his city/town etc.]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qādrī**

Translated by Zameer Ahmed